© rasailojaraid.com



# مطبوعات

**Islamic Research Circle Bulletin** شائع کردہ اسلامک ریسرچ سرکل جماعت اسلامی ہند - رامپور - قیمت آٹھ آنے -

اسلامی فکر و نظر رکھنے والے نوجوانوں کا یہ پرچہ عرصہ سے شائع ہو رہا ہے مگر سائیکلوسٹائل ہونے کی وجہ سے اس کی اشاعت بالکل محدود تھی ضرورت تھی کہ اسے زیورِ طباعت سے آراستہ کر کے لوگوں کے سامنے پیش کیا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ افراد اس سے استفادہ کر سکیں - مقامِ شکر ہے کہ اس ادارہ کے کارپردازوں کو بھی اس کا احساس ہوا - چنانچہ نہایت ہی معقول طباعتی معیار کے ساتھ اس پرچے کے نئے دور کا آغاز کیا گیا ہے - اس میں اشارات کے علاوہ دو نہایت ہی معلومات افزا مضامین شامل ہیں - زبان اور مضامین کے انتخاب کو اگر ذرا بہتر بنا دیا جائے تو یہ پرچہ نہایت ہی معیاری بن سکتا ہے - ہمیں امید ہے کہ فاضل مدیران پہلوؤں کی طرف خاص توجہ فرمائیں گے -

**Al-Islam** شائع کردہ: الاسلام ۲۲/۳ جہانگیر روڈ، کراچی ۵ - فی پرچہ ۱۴/- سالانہ چندہ پاکستان میں مبلغ ۵ روپے - اور بیرون پاکستان ۷ روپے -

اس عہدِ جدید میں مشرقی ممالک میں جس قدر الحاد اور زندقہ آیا ہے وہ سب مغرب سے یورپی زبانوں کی وساطت سے یہاں پہنچا - اس کے اثر کو زائل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم مغربی زبانوں خصوصاً انگریزی میں اس کی کمزوری کو واضح کر کے اہلِ دنیا کو دینِ حق سے روشناس کرائیں - اس سلسلے میں جو کوشش بھی کی جاتی ہے وہ مستحسن ہے - زیرِ نظر پرچہ بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے اس کی اہمیت اور افادیت کو پوری طرح محسوس کرتے ہوئے ہم یہ کہنے پر مجبور ہیں کہ اس میں وقت کے تقاضوں کو کافی حد تک نظر انداز کیا جا رہا ہے - مثال کے طور پر مسلمانوں کا فنونِ لطیفہ میں حصہ اور اس ضمن میں تاج محل کا ذکر نہایت ہی غیر موزوں ہے - اسلام نے آخر کہاں اس امر کی اجازت دی ہے کہ ایک بادشاہ سینکڑوں ایکڑ زمین اور کروڑوں روپیہ محض ایک مقبرہ کی تعمیر پر صرف کر دے -



© rasailojaraid.com